# ماڈل پیپر سیشن 20-2018 و مابعد

اُردو لازمی | جماعت نہم | (سیکنڈری) | وقت : 2:10 گھنٹے

نمبر : 60

## (انشائیہ)

## (حصہ اول)

2- مندرجہ ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی سے تین اور غزل کے حصہ سے کوئی سے دو اشعار ہوں۔ (10)

**حصہ نظم :**

(1) ہے عارفوں کو حیرت اور منکروں کو سکتہ — ہر دِل پہ چھا رہا ہے رُعبِ جلال تیرا

(2) نُورِ مجسم، نیّرِ اعظم، سرورِ عالم، مونسِ آدم — نوحؑ کے ہمدم، خضرؑ کے رَہبر، ﷺ

(3) مکاں فانی، مکیں آنی، ازل تیرا، ابد تیرا — خُدا کا آخری پیغام ہے تُو، جاوداں تُو ہے

(4) عقل کہتی ہے تامّل سے جسے دیکھ کے یہ — طشتِ بلور ہے اِقسامِ جواہر سے بھرا

**حصہ غزل**

(1) ترے فراق میں جیسے خیال مفلس کا — گئی ہے فکرِ پریشاں کہاں کہاں میری

(2) کم شاعری بھی نسخۂ اکسیر سے نہیں — مستغنی ہو گیا جسے آیا یہ فن درست

(3) اُن کے دِل میں غبار ہے دیکھیں — کِس طرح سے صفائی ہوتی ہے

## (حصہ دوم)

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیئے۔ (10)

الف) آنحضرت ﷺ کی تعلیم وتلقین کا فیض اگرچہ سفر، حضر، جلوت، خلوت، نشست، برخاست غرض ہر وقت جاری رہتا تھا، تاہم اِس سے وُہی لوگ مستفیض ہو سکتے تھے جو اتفاق سے موقع پر ہوتے تھے اِس بنا پر آپ ﷺ نے تعلیم وارشاد کے لئے بعض اوقات خاص کر دیے تھے کہ لوگ پہلے سے مطلع رہیں اور جن کو استفادہ منظور ہو، وہ آسکیں۔

ب) سارا دِن دربار میں بھی بادشاہ سلامت کا ذہن منتشر رہا۔ شام کو ملکہ نے پریشانی کی وجہ پوچھی تو بادشاہ نے ٹال دیا۔۔۔۔۔ لیکن رات کا خواب ذہن پر برابر مُسلّط رہا۔ بادشاہ کو رَنج اِس بات کا تھا کہ اُسے خواب میں ایک عورت سے ہزیمت اُٹھانا پڑی ہے اور ستم یہ کہ وہ عورت اُس کی بیوی تھی۔

4- کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

| | | | |
|---|---|---|---|
| i | حضور پاک ﷺ کے اوقاتِ مجالس کون سے تھے؟ | ii | قواعدِ قدرت کے مطابق اِنسان کون سی طبع کا مالک ہے؟ |
| iii | قانونِ ادب کی پابندی کیوں ضروری ہے؟ | iv | راشد الخیری کیوں وراثت سے محروم ہوئے؟ |
| v | حاکم کچہری کے رُعب کا کیا عالم تھا؟ | vi | سائیں بابا کس قسم کی جنت بنا رہا تھا؟ |
| vii | ''قاسم کوثر ﷺ'' سے کیا مراد ہے؟ | viii | شاعر (مولانا حسرت موہانی) نے اپنے آپ کو ''شاعرِ رنگین نوا'' کیوں کہا |

5- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (05)

الف) تعصب ب) حج اکبر

6- نظم'' طلوعِ اسلام '' کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ (05)

7- صدر معلم/ پرنسپل کے نام ''حصولِ سرٹیفکیٹ'' کی درخواست لکھیں۔ (10)

یا

والد کے نام خط لکھیے جس میں ''رقم منگواتے'' کی معقول وجوہات ہوں۔

8- ''غرور کا سر نیچا'' کے عنوان پر کہانی لکھیے۔ (05)

یا

رسید بابت وصولی قیمت ''موٹر سائیکل'' تحریر کیجیے۔

9- درج ذیل جملوں کی درستی کریں۔ (05)

i) ایک تیلی کے پیلے بچے۔ ii) دُور کے ساز سہانے۔ iii) نو نقد بارہ اُدھار

iv) وُہ آج کل فاقے مرتا v) اتفاق میں حرکت ہے۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کریں۔

i) سانچ کو--- ii) گھر کی مُرغی--- iii) بھاگتے چور کی---

iv) مُلا کی دوڑ--- v) آج تھو---

(ختم شد)

Result.pk

# ماڈل پیپر سیشن 20-2018 و مابعد

اردو لازمی — جماعت نہم — (سیکنڈری) — وقت : 20

(معروضی) — نمبر : 15

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا لیڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

(15)

1 ہر سوال کے دیئے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب پر ٹک (✓) کا نشان لگائیں۔

| نمبر شمار | سوالات | جوابات ا | ب | ج | د |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | آپ کچھ فرماتے تو تمام مجلس پر چھا جاتا۔ | اندھیرا | سناٹا | خوف | اُجالا |
| 2 | محمد حسین آزاد کے مطابق رشتہ ہے۔ | خدائی تحفہ | خدائی نعمت | خدائی پیوند | خدائی جوڑ |
| 3 | ریاست کشمیر کی واحد ریلوے لائن گزرتی تھی۔ | راولپنڈی سے | جہلم سے | لاہور سے | سیالکوٹ سے |
| 4 | نصوح نے خواب میں دیکھا۔ | باپ کو | بیٹے کو | ماں کو | بھائی کو |
| 5 | پیارا بچہ رو رو کر ہو گیا۔ | نِڈھال | ہلکان | بیمار | بے ہوش |
| 6 | تم میرے اندازے سے زیادہ نکلے ہو۔ | امیر | بے وقوف | چالاک | پاجی |
| 7 | اسد اللہ غالبؔ میں پیدا ہوئے۔ | دہلی | آگرہ | لکھنؤ | حیدر آباد |
| 8 | حالیؔ نے ''مسدس'' کی فرمائش پر لکھی۔ | سرسید احمد خان | شبلی نعمانی | محمد حسین آزاد | سلیمان ندوی |
| 9 | نظیر اکبر آبادی کو شاعر کہا جاتا ہے۔ | بازاری | انقلابی | قومی | عوامی |
| 10 | آخر یہ کس کی ملی سزا مجھے | کوتاہی | خطا | غلطی | جُرم |
| 11 | ''تفاسیر'' کی واحد ہے۔ | تفسر | مفسر | تفسیر | تفاسیر |
| 12 | ''گوالا'' کی مونث ہے۔ | گوالن | گوالیا | گوالی | گوالیار |
| 13 | ''گرہستن'' کا مذکر ہے۔ | گرہستی | گرہستا | گراہستن | گرہست |
| 14 | ''آفتاب'' کا مترادف ہے۔ | روشن | چمکدار | مہ | خورشید |
| 15 | گرامر کی رو سے لاحقہ ہے۔ | بااثر | گاڑی بان | پُرجوش | سربلند |

(ختم شد)

Result.pk